کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت صوبائی سلیکشن بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ صحت کے 1200 سے زائد ڈاکٹروں کو اگلے گریڈ میں ترقی دینے کی سفارش کی۔ اجلاس میں ٹیچنگ کیڈر کے 48 ڈاکٹروں کو گریڈ 20، 58 کو گریڈ 19 اور 41 کو گریڈ 18 میں ترقی دی گئی جنرل کیڈر کے 627 میڈیکل آفیسرز کو سینئر میڈیکل آفیسرز کے عہدے پر ترقی دی گئی جبکہ 150 لیڈی میڈیکل آفیسرز کو سینئر لیڈی میڈیکل آفیسرز اور 37 ڈینٹل سرجنز کو سینئر ڈینٹل سرجنز بنایا گیا اسی طرح 134 ڈاکٹروں کو بطور چیف میڈیکل آفیسرز ترقی دینے کی سفارش کی گئی۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ صوبائی حکومت نے پہلی بار اے سی آر کو ریلیکس کرتے ہوئے ڈاکٹروں کو بیک وقت ترقی دینے کا فیصلہ کیا جو ایک تاریخی اقدام ہے انہوں نے بتایا کہ یہ فیصلہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر منعقدہ خصوصی محکمانہ پروموشن بورڈ کے تحت کیا گیا جس کی سربراہی چیف سیکرٹری بلوچستان نے کی۔ وزیر صحت نے کہا کہ برسوں سے زیر التوا ترقی کے کیسز نمٹنے سے ڈاکٹروں کا دیرینہ مسئلہ حل ہو گیا ہے۔ اس فیصلے سے صوبے میں نئے ڈاکٹروں کی بھرتی کے لیے راہیں کھل گئیں اور صحت کے نظام میں بہتری کی نئی بنیاد رکھ دی گئی ہے وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے مزید بتایا کہ محکمہ صحت میں تعینات نرسوں کو بھی پروموشن دی گئی ہے۔



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان صوبائی سلیکشن بورڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں


MASHRIQ QUETTA




چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان صوبائی سلیکشن بورڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 09 OCT 2025 Page No. 13

# کوئٹہ میں واٹر ایمرجنسی نافذ، غیر قانونی ٹیوب ویلز بند کرنے کا فیصلہ

محکمہ ایریگیشن، پی ایچ ای اور واسا مل کر پورے شہر کا ڈیٹا جمع کریں تاکہ معلوم کیا جاسکے کہ کتنے ٹیوب ویلز فعال ہیں

قانونی تقاضوں پر پورا نہ اترنے والے ٹیوب ویلز فوری طور پر بند کیے جائیں، اجلاس میں کمشنر کوئٹہ کی حکام کو ہدایت

کوئٹہ (غ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت کوئٹہ شہر میں غیر قانونی ٹیوب ویلز کی تنصیب اور ان کے خلاف کاروائی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی، ایس ایس پی آپریشنز محمد بلوچ، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کوئٹہ ڈویژن ظہور احمد، اسسٹنٹ کمشنر پولیٹیکل کوئٹہ ڈویژن سید کلیم اللہ سمیت محکمہ ایریگیشن، واسا اور پی ایچ ای کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے کہا کہ شہر میں واٹر ایمرجنسی نافذ ہے۔ اور اس پر عمل درآمد کے لیے جامع ......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں جتنے بھی غیر قانونی ٹیوب ویلز قائم ہیں، ان کا خاتمہ ناگزیر ہے۔ اس مقصد کے لیے متعلقہ محکمے ایریگیشن، پی ایچ ای اور واسا مل کر پورے شہر کا ڈیٹا جمع کریں تاکہ معلوم کیا جاسکے کہ کتنے ٹیوب ویلز فعال ہیں، ان میں سے کتنے سرکاری اور کتنے پرائیویٹ ہیں، اور کتنے کے پاس قانونی این او سی موجود ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ جو بھی ٹیوب ویل قانونی تقاضوں پر پورا نہیں اترتا، اسے فوری طور پر بند کیا جائے۔ کمشنر نے واضح کیا کہ ٹیوب ویل یا بورنگ کی اجازت صرف قانونی طریقہ کار مکمل کرنے کے بعد دی جاسکتی ہے، بصورت دیگر ایسے تمام ٹیوب ویلز غیر قانونی تصور کیے جائیں گے۔ انہوں نے تمام محکموں کو ہدایت کی گئی کہ وہ باہمی کوارڈینیشن کے ذریعے شہر بھر سے زرعی مقاصد، گھریلو استعمال اور پرائیویٹ اسکیموں میں قائم ٹیوب ویلز کا مکمل ڈیٹا جلد از جلد مرتب کر کے رپورٹ پیش کریں۔ شہر میں پانی کی قلت پر قابو پانے کے حوالے سے کمشنر شاہزیب خان کاکڑ نے اجلاس کے دوران دشت اور کرخسہ کے منصوبوں سے پانی کی ترسیل کی پیش رفت کے بارے میں استفسار کیا۔ متعلقہ حکام نے بتایا کہ کرخسہ کے مقام سے پانی کی سپلائی کا آغاز ہوچکا ہے

## بلوچستان میں گاڑیوں کے منفرد نمبر پلیٹس نیلام کرنے کا فیصلہ

منفرد نمبر پلیٹس کے علاوہ شہری اپنے نام کی نمبر پلیٹ بھی حاصل کرسکیں گے

موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کے لئے اسمارٹ کارڈ کے اجرا کا آغاز بھی کردیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں گاڑیوں کے منفرد نمبروں کے شوقین افراد کیلئے اچھی خبر ہے کہ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نے گاڑیوں کے منفرد نمبر پلیٹس نیلام کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے، منفرد نمبر پلیٹس کے علاوہ شہری اپنے نام کی نمبر پلیٹ بھی حاصل کرسکیں گے مگر اس کیلئے انہیں رقم ادا کرنا پڑے گی محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن بلوچستان نے موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کے لئے اسمارٹ کارڈ کے اجرا کا آغاز بھی کردیا۔ سیکرٹری محکمہ ایکسائز ا......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

ینڈ ٹیکسیشن بلوچستان سید ظفر علی بخاری نے بتایا کہ محکمے نے گاڑیوں کے منفرد نمبر پلیٹ کی نیلامی کرنے کا فیصلہ کرلیا اس نیلامی سے محکمے کو کروڑوں روپے کا فائدہ ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ محکمے شہریوں کے اپنے نام کی نمبر پلیٹ بھی متعارف کرا رہا ہے شہری رقم کی ادائیگی کے بعد اپنے نام کی نمبر پلیٹ حاصل کرسکیں گے لیکن گاڑی کی فروخت کے ساتھ وہ اپنے نام کی نمبر پلیٹ فروخت نہیں کرسکیں گے۔ سید ظفر علی بخاری نے بتایا کہ محکمہ ایکسائز نے صوبے میں چلنے والی موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کے لئے اسمارٹ کارڈ کے اجرا شروع کردیا جس کیلئے ایک کارڈ کی قیمت 2250 روپے مقرر کی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ صوبے میں 7 لاکھ سے زائد گاڑیاں اور موٹر سائیکل رجسٹرڈ ہیں۔

## 1269 ڈاکٹرز کو ایک ساتھ اگلے گریڈ میں ترقی دے دی گئی

اس فیصلے کو محکمہ صحت میں اصلاحات کی سمت ایک بڑی پیش رفت قرار دیا جارہا ہے

کوئٹہ (غ ن) بلوچستان حکومت نے صوبے کی تاریخ میں پہلی بار ڈاکٹروں کے دیرینہ مسائل کے حل کے لیے غیر معمولی اقدام اٹھاتے ہوئے 1269 ڈاکٹرز کو ایک ساتھ اگلے گریڈ میں ترقی دے دی۔ اس تاریخی فیصلے کو محکمہ صحت میں اصلاحات کی سمت ایک بڑی پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ صوبائی ......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت نے پہلی بار اے سی آر کو ریلیکس کرتے ہوئے ڈاکٹروں کو بیک وقت ترقی دینے کا فیصلہ کیا، جو ایک تاریخی اقدام ہے انہوں نے بتایا کہ یہ فیصلہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر منعقدہ خصوصی محکمانہ پروموشن بورڈ کے تحت کیا گیا، جس کی سربراہی چیف سیکرٹری بلوچستان نے کی۔ بورڈ نے شفاف طریقہ کار کے تحت ترقیوں کا عمل مکمل کیا وزیر صحت نے کہا کہ برسوں سے زیر التواء ترقی کے کیسز نمٹنے سے ڈاکٹروں کا دیرینہ مسئلہ حل ہوگیا ہے۔ اس فیصلے سے صوبے میں نئے ڈاکٹروں کی بھرتی کے لیے راہیں کھل گئیں اور صحت کے نظام میں بہتری کی نئی بنیاد رکھ دی گئی ہے تفصیلات کے مطابق ٹیچنگ کیڈر کے 48 ڈاکٹروں کو گریڈ 20، 58 کو گریڈ 19، اور 41 کو گریڈ 18 میں ترقی دی گئی جنرل کیڈر کے 627 میڈیکل آفیسرز کو سینئر میڈیکل آفیسرز کے عہدے پر ترقی دی گئی، جبکہ 150 لیڈی میڈیکل آفیسرز کو سینئر لیڈی میڈیکل آفیسرز اور 37 ڈینٹل سرجنز کو سینئر ڈینٹل سرجنز بنایا گیا اسی طرح 134 ڈاکٹروں کو بطور چیف میڈیکل آفیسرز ترقی دی گئی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے مزید بتایا کہ محکمہ صحت میں تعینات نرسوں کو بھی پروموشن دی گئی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## سی پیک کے مرکز گوادر میں آبنوشی بحران سنگین، آنکاڑہ اور سوڈ ڈیم خشک ہوگئے

اربوں روپے کی لاگت سے نصب پلانٹس بھی فعال نہ ہوسکے، عارضی کی بجائے مستقل اقدامات کا مطالبہ

گوادر (نامہ نگار) گوادر اور نواحی علاقے پشکان، پلیری اور جیونی ایک بار پھر شدید پانی بحران سے دوچار ہیں۔ آنکاڑہ اور سوڈ ڈیم خشک ہوچکے ہیں جبکہ اب پانی شادی کور اور میرانی ڈیم سے ٹینکروں کے ذریعے لایا جارہا ہے، مگر بحران بدستور برقرار ہے۔ گوادر کے شہری بتاتے ہیں کہ یہ پانی کے بحران کی پانچویں بڑی لہر ہے، لیکن مستقل حل کے بجائے صرف وقتی اقدامات کیے جاتے ہیں۔ قحط بقیہ نمبر 64 صفحہ 5 پر

ختم ہوتے ہی ادارے غفلت برتتے ہیں، اور اگلی خشک سالی میں شہری پھر احتجاج پر مجبور ہوجاتے ہیں۔ سمندری پانی کو میٹھا بنانے کے لیے کاروات کے مقام پر ایک ارب روپے سے زائد لاگت کا پلانٹ نصب کیا گیا مگر وہ آج تک فعال نہ ہوسکا۔ 2008 میں پسنی، جیونی اور گوادر میں چار پلانٹس لگانے کا منصوبہ بھی پایہ تکمیل تک نہ پہنچ سکا۔ ذرائع کے مطابق شہر کو روزانہ پچاس لاکھ گیلن پانی درکار ہے، مگر فراہمی صرف پچیس لاکھ گیلن تک محدود ہے۔ عوامی احتجاج میں "پانی دو، نکل دو، ورنہ کرسی چھوڑ دو" کے نعرے ایک بار پھر گونج رہے ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے تناظر میں صرف ڈیمز پر انحصار کافی نہیں۔ گوادر کے لیے مستقل اور جدید بنیادوں پر پانی کی منصوبہ بندی ناگزیر ہے، ورنہ یہ نعرے نسل در نسل گونجتے رہیں گے۔

## نصیب اللہ کاکڑ ڈائریکٹر جنرل

اینٹی کرپشن تعینات، نوٹیفکیشن جاری

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن اینڈ انکوائریز اسٹیبلشمنٹ سہیل انور ہاشمی کا تبادلہ کر کے ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنیکی ہدایت کی گئی ہے جبکہ نصیب اللہ کاکڑ کو ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن اینڈ انکوائریز اسٹیبلشمنٹ تعینات کردیا گیا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 09 OCT 2025 Page No. 14


## ماشکیل: پاک ایران کا ٹاگر زیرو پوائنٹ 4 سال بعد کھول دیا گیا

**رواں ماہ گزر بارڈر ماشکیل کو بھی کھول دیا جائیگا، آئی جی ایف سی ساؤتھ اور دیگر کا خطاب**

ماشکیل/نوشکی (این این آئی/نامہ نگار) آئی جی ایف سی ساؤتھ بلوچستان میجر جنرل بلال سرفراز اور ایم پی اے و خادم واشک حاجی میر زابد علی ریکی نے کاٹاگر زیرو پوائنٹ راہداری گیٹ برائے آمدورفت چار سال بندش کے بعد کھولنے کا فیتہ کاٹ کر افتتاح کر دیا، افتتاحی تقریب میں ایم پی اے و خادم واشک حاجی میر زابد علی ریکی نے کہا کہ ماشکیل کے لیے راہداری گیٹ زیرو پوائنٹ کا کھلنا انتہائی خوشی کی بات ہے، لوگوں کو اب ہمسایہ ملک ایران آمدورفت میں کوئی مشکل نہیں ہوگی ایم پی اے و خادم واشک حاجی میر زابد علی ریکی نے کہا کہ گزر بارڈر سے ماشکیل اور ضلع واشک و گرد و نواح کے لاکھوں خاندانوں کا روزی روٹی وابستہ ہے گزر بارڈر بندش سے ماشکیل کے باسی پریشانی میں مبتلا ہیں آئی جی ایف سی ساؤتھ بلوچستان ماشکیل کے عوام کی آواز و مطالبہ پر ہمدردانہ غور کر کے گزر بارڈر کھولنے کا نوید سنا دیں، آئی جی ایف سی ساؤتھ بلوچستان۔میجر جنرل بلال سرفراز نے کہا کہ ماشکیل اور ضلع واشک کے عوام پر امن اور انتہائی پیارے لوگ ہیں گزر بارڈر بندش سے انھیں مشکلات کا سامنا ہے رواں ماہ میں گزر بارڈر ماشکیل کو بھی کھول دیا جائیگا، اس موقع پر کمانڈنٹ ماشکیل رائفل محمد آصف اسسٹنٹ کمشنر ماشکیل آحمد زیب، ممتاز عالم دین و تحصیلی امیر جمعیت مولانا محمد یعقوب، قبائلی عمائدین و معززین سیاسی و سماجی شخصیات موجود تھیں۔

## چمن: افغان مہاجرین کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، متعدد گرفتار اور ڈی پورٹ

چمن (خ ن) چمن میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان مہاجرین کے خلاف ضلعی انتظامیہ کی کارروائیاں تیزی سے جاری ہیں۔ ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلزئی نے اے سی چمن امتیاز علی بلوچ کے ہمراہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے افغان باشندوں کی وطن واپسی کی کاروائیوں کا جائزہ لیا اس دوران مختلف علاقوں میں کارروائی کے دوران متعدد غیر قانونی افغان مہاجرین کو حراست میں لے لیا گیا جنہیں ضروری قانونی تقاضے مکمل کرنے کے بعد افغانستان واپس ڈی پورٹ کر دیئے جائیں گے ڈی سی چمن نے اس موقع پر پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ چمن میں تمام غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندے رضاکارانہ طور پر فوری طور وطن واپس چلے جائیں، بصورت دیگر ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

## بجلی لوڈشیڈنگ کیس، بلوچستان ہائیکورٹ کا چیف سیکرٹری و پرنسپل سیکرٹری کو شوکاز نوٹس

**ہدایات پر پیشرفت نہیں ہوئی، وضاحت پیش کریں توہین عدالت کی کارروائی کیوں نہ کی جائے**

**کیسکو کی رپورٹ غیر شفاف اور نامکمل، ذمہ داران نے بوجھ نیپرا پر ڈالنے کی کوشش کی ہے، عدالت**

کوئٹہ (خ ن) چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان جسٹس روزی خان بڑیچ اور جسٹس سردار احمد حلیمی پر مشتمل دو رکنی بینچ نے صوبے میں کیسکو کی جانب سے بلاجواز لوڈشیڈنگ سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے چیف سیکریٹری بلوچستان اور وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکریٹری کو شوکاز نوٹس جاری کر دیئے۔ یہ آئینی درخواست وائس چیئرمین بلوچستان بار کونسل ایڈووکیٹ راحب خان بلیدی کی جانب سے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو و دیگر کے خلاف دائر کی گئی تھی۔ سماعت کے دوران ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے چیف سیکریٹری، وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکریٹری اور سیکریٹری توانائی کی جانب سے جمع کروائے گئے جوابات عدالت میں پیش کیے، تاہم عدالت نے ان جوابات کو غیر تسلی بخش قرار دیتے ہوئے کہا کہ ذمہ داران نے معاملے کا بوجھ محض نیپرا پر ڈالنے کی کوشش کی ہے۔ درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ کیسکو کی رپورٹ محض اعداد و شمار کا کھیل ہے جو زمینی حقائق سے مطابقت نہیں رکھتی۔ ان کے مطابق، صوبے میں تقریباً 6 لاکھ 13 ہزار 522 فعال صارفین بجلی استعمال کر رہے ہیں، مگر بیشتر اضلاع میں روزانہ صرف 2 سے 3 گھنٹے بجلی فراہم کی جا رہی ہے جبکہ کوئٹہ شہر کے علاوہ 18 گھنٹے تک لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے، جو کیسکو کی انتہائی نااہلی کو ظاہر کرتا ہے۔ وکیل نے عدالت کو بتایا کہ باقاعدگی سے بل ادا کرنے والے صارفین کو بھی بجلی سے محروم رکھا جا رہا ہے، جبکہ غیر قانونی کنکشنز اور نادہندگان کے خلاف کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان میں لائن لاسز کو بلاجواز حد تک بڑھا چڑھا کر پیش کیا جا رہا ہے، جس سے شہریوں کے آئینی حقوق، خصوصاً آرٹیکل 9 اور 25 کی خلاف ورزی ہو رہی ہے۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ کیسکو کی جانب سے پیش کردہ رپورٹ غیر شفاف اور نامکمل ہے، جس میں غیر قانونی صارفین کے خلاف کی گئی کارروائی یا موصول شدہ شکایات کا کوئی واضح ذکر موجود نہیں۔ عدالت نے قرار دیا کہ نادہندگان کے اعمال کی سزا بل ادا کرنے والے صارفین کو نہیں دی جا سکتی۔ مزید برآں عدالت نے ہدایت کی کہ نیپرا اور کیسکو کوئٹہ سمیت صوبے کے تمام اضلاع، شہروں اور دیہات میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنائیں اور ان علاقوں تک بھی بجلی پہنچائیں جو تاحال محروم ہیں۔

## خاران، تین روز قبل اغوا ہونیوالے قاضی بازیاب، عدالت پہنچ گئے

**سیکورٹی فورسز کا گھیرا تنگ ہونے پر اغوا کاروں نے قاضی محمد جان کو پہاڑی علاقے میں چھوڑ دیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) خاران مسکان قلات جوڈیشل کمپلیکس تین روز قبل اغوا ہونے والے قاضی اپنی عدالت میں پہنچ گئے سیکورٹی فورسز کا گھیرا تنگ ہونے پر اغوا کار انہیں بل مرگ کے پہاڑی علاقے میں چھوڑ گئے تھے ذرائع کے مطابق چھ اکتوبر کو خاران سے 25 کلومیٹر دور مسکان قلات میں واقع جوڈیشل کمپلیکس سے مسلح افراد نے قاضی محمد جان کو اغوا کر لیا، واقعے کے بعد سیکورٹی فورسز اور سی ٹی ڈی نے سرچ آپریشن شروع کر دیا تھا ذرائع نے بتایا کہ تین روز سے پہاڑی علاقے میں سیکورٹی فورسز کا سرچ آپریشن جاری تھا کہ اغوا کاروں نے گھیرا تنگ ہونے پر [illegible] قاضی محمد جان کو [illegible] بجے بل مرگ کے پہاڑی علاقے میں چھوڑ کر فرار ہو گئے ان کے دفتر پہنچنے کی اطلاع ملنے پر پولیس اور سیکورٹی فورسز کے اعلیٰ حکام بھاری نفری کے ہمراہ ان کے دفتر پہنچے جہاں ان سے ملاقات کی۔ ذرائع نے بتایا کہ قاضی محمد جان نے اعلیٰ حکام کو بتایا کہ اغوا کے بعد آنکھوں پر پٹی باندھ دی گئی تھی اور چار گھنٹے تک کسی پہاڑی علاقے میں چلتے رہے اس کے بعد مجھے گاڑی سے اتار کر موٹر سائیکل پر بیٹھا کر لے گئے انہوں نے بتایا وہ پہاڑی علاقے سے سڑک پر آئے اور وہاں سے ایک موٹر سائیکل سوار سے لفٹ لے کر سیدھا اپنے دفتر پہنچ گئے مزید تحقیقات کی جاری ہیں۔

## حکومت بلوچستان کا گندم کی 3 لاکھ بوریاں خریدنے کا فیصلہ

**قیمتوں میں استحکام آئیگا، وزیراعلیٰ نے معاملہ کابینہ اجلاس میں رکھنے کی منظوری دے دی**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں گندم اور آٹے کے بحران کے پیش نظر محکمہ خوراک نے تین لاکھ بوری گندم پاسکو سے خریدنے کا فیصلہ کر لیا وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے گندم خریداری کا معاملہ صوبائی کابینہ کے اجلاس میں رکھنے کی منظوری دے دی۔ محکمہ خوراک کے حکام نے بتایا کہ بلوچستان میں اس وقت محکمہ خوراک کے گوداموں میں گندم دستیاب نہیں ہے محکمہ خوراک کے حکام نے بتایا کہ صوبائی کابینہ کی منظوری کے بعد پاسکو سے تین لاکھ بوری گندم خریدی جائیں گی جس کے بعد صوبے میں گندم کی قیمتوں میں استحکام آنے کا امکان ہے بلوچستان میں پچھلے ایک ماہ کے دوران گندم اور آٹے کی قیمتوں میں 55 روپے کلو اضافہ ہوا ہے ان دنوں بیس کلو آٹے کا تھیلا 2600 روپے کا فروخت ہو رہا ہے۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 0 9 OCT 2025 Page No. 15

# نوجوان نسل کو جدید تعلیم سے آراستہ کرنا اولین ترجیح ہے، صادق سنجرانی

## تعلیم ہی ترقی اور خوشحالی کا زینہ ہے، اسکولوں کو جدید سہولیات اور بہتر تعلیمی ماحول فراہم کرینگے، تقریب سے خطاب

لوکنڈی (نامہ نگار) ایم پی اے محمد صادق سنجرانی نے گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری اسکول لوکنڈی میں ڈیجیٹل لائبریری کا افتتاح کیا قائم مقام ہیڈ ماسٹر امین اللہ سنجرانی نے سائنس روم سمیت مختلف کلاسز کا معائنہ کرایا اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے محمد صادق سنجرانی نے کہا کہ تعلیم ہی ترقی اور خوشحالی کا زینہ ہے نوجوان نسل کو محنت، نظم و ضبط اور جدید تعلیم سے آراستہ کرنا ہماری اولین ترجیح ہے تاکہ وہ مستقبل کے چیلنجز کا کامیابی سے مقابلہ کر سکیں انہوں نے کہا کہ اسکولوں کو جدید سہولیات سے آراستہ کرکے بہتر تعلیمی ماحول فراہم کریں گے انہوں نے 200 نئے ڈیسک، تمام طلبہ کے لیے یونیفارم، فوٹو اسٹیٹ مشین، واٹر سپلائی کنکشن، آر او پلانٹ، کمپیوٹرز، آئی ٹی انسٹرکٹر، اسمبلی ہال کی ٹف ٹائلنگ، پارکنگ شیڈز، فٹسال گراؤنڈ، نیم دو ہم کے مطالعاتی دورے، اضافی اساتذہ کی خدمات اور لائبریری کے لیے کتابوں کی فراہمی کا اعلان کیا تقریب کے اختتام پر قائم مقام ہیڈ ماسٹر امین اللہ سنجرانی نے ایم پی اے جانی محمد صادق سنجرانی کو سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر لکھی گئی کتاب پیش کی جس پر شرکاء نے زبردست داد دی۔

# صحت، تعلیم اور ماحولیات ہماری ترجیحات میں شامل ہے، ڈاکٹر مالک

## مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں گے، اسکول کا دورہ، اجلاس سے خطاب

تربت (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول دشتی بازار کا دورہ کیا۔ اس موقع پر یونس جاوید، میونسپل کارپوریشن تربت کے کونسلر نصیر اسماعیل، یونٹ سیکرٹری نادیل رحیم، سیف اللہ اور نعیم عادل بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اسکول کی انچارج محترمہ ماہ جان عزیز نے ادارے کو درپیش مسائل، بالخصوص بنیادی سہولیات کی کمی پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے تمام نکات کو غور سے سنا اور یقین دلایا کہ ان مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے انہوں نے اسکول کی تدریسی ماحول اور انتظامی امور پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم ہی وہ بنیاد ہے جس پر ایک باشعور اور ترقی یافتہ معاشرہ تعمیر ہوتا ہے اور جاری کوشش ہے کہ تربت سمیت پورے مکران میں تعلیمی اداروں کو مضبوط اور فعال بنایا جائے۔

# پشتونخوا وطن کی معدنیات دنیا کو تھالی میں پیش کی جارہی ہیں، نواب ایاز جوگیزئی

## پشتون اپنی معدنیات پر فارم 47 کی حکومت کے معاہدے کے پابند نہیں، جلسے سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی نے کہا ہے کہ جمہوریت کو ملک میں سرے سے پنپنے نہیں دیا گیا، چیئرمین محمود خان اچکزئی ملک کی تمام سیاسی پارٹیوں اور تمام جمہوری عوام کے لیے حقیقی جمہوری رہنما اور جمہوریت کی علامت بن چکے ہیں پشتونخوا وطن کی معدنیات دنیا کو تھالی میں پیش کی جارہی ہیں، مالکوں کو نظرانداز کرکے ان کی زمینوں، پہاڑوں کو غیر لوگوں کے نام الاٹ کیا اور بدلے میں پشتونخوا وطن میں بدترین دہشت گردی، بدامنی، بیروزگاری اور بے علمی مسلط کی جارہی ہے منظم سیاسی تنظیم کے ذریعے ہی صورتحال سے نجات ممکن ہے۔ ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے قرضوں سے پنجاب میں میگا پروجیکٹس بنے اور باقی رقم کرپشن و کمیشن کا شکار ہوئی۔ ہمیں اپنی رنجشوں کو ختم کرنا، ایک دوسرے کے لیے آپس کی تلخیاں ختم کرکے متحد ہوکر پشتون بننا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لورالائی کے غازی ارسلا خان گراؤنڈ میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جلسہ عام کی صدارت پارٹی چیئرمین محمود خان اچکزئی نے کی۔ نواب محمد ایاز خان جوگیزئی نے کہا کہ وسائل سے مالا مال وطن کے مالک ہونے کے باوجود پشتون انتہائی غربت، مزدوری اور مسافری کی زندگی بسر کررہے ہیں، گزشتہ انتخابات میں دھاندلی، زر وزور کی بنیاد پر حقیقی عوامی نمائندوں کو فارم 47 کے ذریعے ناکام کرکے جعلی اور غیر عوامی نمائندوں کو عوام پر مسلط کیا گیا جس کے نتیجے میں ملک بدترین بحرانوں میں گھر چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون اپنی معدنیات پر کسی بھی غیر جمہوری، غیر آئینی فارم 47 کی حکومت کے معاہدے کے پابند نہیں۔ پشتونوں کو اپنے وطن کے دفاع کے لیے ہر قربانی کے لیے تیار رہنا ہوگا۔

# امن اور روزگار ناپید، لاکھوں لوگ نان شبینہ کو محتاج ہیں، اصغر اچکزئی

## اولسی پاسون قومی سیاسی معاشی مسائل کے حل میں مددگار ثابت ہوگا، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ گیارہ اکتوبر کو چمن میں منعقدہ ملی اولسی پاسون درپیش سنگین قومی سیاسی معاشی مسائل کے حل میں معاون و مددگار ثابت ہوگی امن اور روزگار ناپید ہوکر لاکھوں لوگ نان شبینہ کو محتاج ہیں افغان کنڈوال کیساتھ روا رکھا جانیوالا غیر انسانی سلوک ہمارے اقدار و روایات کے منافی عمل ہے جو نفرتوں پر منتج ہوگی دہشت گردی وسائل لوٹنے کی خاطر مسلط ہے جبکہ قومی شاہراہوں پر عدم تحفظ سے عوام غنڈہ گردوں بھتہ خوروں کے رحم کرم پر ہیں جو کسی صورت قابل قبول عمل نہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعیت علماء اسلام کے ضلعی دفتر چمن میں آل پارٹیز تاجر لغڑی اتحاد اور سول سوسائٹی کے مشترکہ اجلاس کے شرکا سے خطاب کے دوران کیا جس کی صدارت جمعیت علماء اسلام کے ضلعی سینئر نائب امیر مولانا محمد ایوب نے کی اجلاس میں مختلف سیاسی سماجی تاجر اور قبائلی نمائندوں نے شرکت کی جن میں عوامی نیشنل پارٹی کے عبدالخالق ھمگل گل زمان جمعیت علمائے اسلام کے حاجی غوث اللہ عبدالوارث جانثار پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے حیات خان اچکزئی پی پی ایم کے فدا محمد قابل این ڈی ایم کے سمیع اللہ اچکزئی لغڑی اتحاد کے ولی محمد بوٹی نیشنل پارٹی کے فدا محمد انجمن تاجران کے احمد خان اچکزئی حاجی عبدالواحد حاجی ملو صاحب جان انجمن تاجران بشیر احمد سول سوسائٹی گرینڈ الائنس کے سویت خان اور غلام حیدر شامل تھے اجلاس میں 11 اکتوبر 2025 کو چمن میں منعقد ہونے والے ملی اولسی پاسون کی تیاریوں کو حتمی شکل دی گئی اور مختلف تنظیمی و انتظامی کمیٹیوں کی تشکیل کی منظوری دی گئی۔

# سینیٹر مشتاق نے پاکستانی عوام کا سر فخر سے بلند کردیا، مولانا ہدایت الرحمٰن

## اسرائیل کو تسلیم کرنے کی راہ ہموار کرنے والے عوام و پاکستان کے دوست نہیں، خطاب

### گوادر شہر میں پانی کے مرکزی پمپنگ اسٹیشنز اور اسٹوریج مراکز کا دورہ، منصفانہ تقسیم کی ہدایت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ قرآن و سنت پر عمل سے ہی ہم دنیا کی امامت کرسکتے ہیں، جماعت اسلامی کے رہنما سابق سینیٹر مشتاق احمد خان نے فلسطینیوں کی امداد کے لئے قافلہ لے کر جاکر پاکستان کے عوام کا سر فخر سے بلند کردیا، اسرائیل ناجائز قابض ریاست ہے، اسرائیل کو تسلیم کرنے کی راہ ہموار کرنے والے عوام و پاکستان کے دوست نہیں، ژوب لورالائی سمیت دیگر اضلاع میں فہم القرآن کلاسز کامیاب انعقاد خوش آئند ہے۔ یہ بات انہوں نے دورہ لورالائی کے دوران سرکاری پارک میں 3 روزہ فہم القرآن کلاس کے اختتامی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کی معدنیات کا سودا کرنے والوں کو تاریخ معاف نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ لوٹ مار، بدعنوانی کی وجہ وسائل چند خاندان پر خرچ ہورہے ہیں، بلوچستان کے عوام کو ترقی، امن سے دور کیا گیا ہے، نوجوان کو تعلیم، روزگار، تجارت اور کھیل کی سہولیات سے محروم رکھا جارہا ہے۔

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی کے صوبائی امیر رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے گوادر شہر میں پانی کے مرکزی پمپنگ اسٹیشنز اور اسٹوریج مراکز کا تفصیلی دورہ کیا، اس موقع پر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اور گوادر ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے ایئرپورٹ پمپنگ اسٹیشن میں رات کے اوقات میں پانی کے اسٹوریج، ان فلو اور آؤٹ فلو کے ریکارڈ کا جائزہ لیا۔ بعد ازاں انہوں نے گوادر ہاؤس میں پانی کے ذخائر کا معائنہ کیا اور مختلف لائنوں کے کنکشنز اور علاقے کے معتبرین سے پانی کی فراہمی کی صورتحال پر تفصیلی بات چیت کی۔ انہوں نے سنٹرل ڈیلیوری پائپ لائن کا بھی معائنہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے موقع پر موجود حکام کو ہدایت کی کہ پانی کی منصفانہ تقسیم اور سپلائی کے نظام میں بہتری کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 09 OCT 2025 Page No. 16

---

## عوام مہنگائی اور بیروزگاری کی چکی میں پس کر رہ گئے ہیں، مولانا عبدالواسع

جمیعت علمائے اسلام بلوچستان کے امیر نے مفتی محمود کانفرنس کی تشہیری مہم کے دوران موجودہ صوبائی حکومت کی کارکردگی کو آڑے ہاتھوں لیا

**موجودہ حکومت کی تمام کارکردگی کا نچوڑ صرف پانچ گرین بسز ہیں، عوام آج بھی دو وقت کی روٹی، روزگار اور امن کی تلاش میں سرگرداں ہیں**

کوئٹہ (آن لائن) جمیعت علمائے اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے مفکر اسلام حضرت مولانا مفتی محمود کانفرنس کی تشہیری مہم کے سلسلے میں پنا دولتزئی، سیمزئی اور دولتزئی سمیت متعدد یونین کونسلوں کا دورہ کیا۔ ہر جگہ عوام کا جوش و خروش دیدنی تھا، سینکڑوں موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں پر مشتمل عظیم الشان عوامی جلوس نے ان کا شاندار استقبال کیا۔ اس موقع پر عوامی اجتماعات سے خطاب میں مولانا عبدالواسع نے موجودہ صوبائی حکومت کی کارکردگی کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا عوام مہنگائی، بے روزگاری اور امن و امان کی بگڑتی صو......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

رتحال میں پس کر رہ گئے ہیں۔ بارڈر کی طویل بندش نے روزگار کے دروازے بند کر دیے ہیں، اور عوام کا چولہا بجھ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کی تمام کارکردگی کا نچوڑ صرف پانچ گرین بسز ہیں۔ عوام کو آج بھی روٹی، روزگار اور امن کی تلاش ہے۔ مولانا عبدالواسع نے بڑے دوٹوک انداز میں کہا کہ جمیعت علمائے اسلام نے اپنے مختصر دور حکومت میں صوبے بھر میں یونیورسٹیاں، تین نئے میڈیکل کالجز، کیڈٹ کالجز اور متعدد ترقیاتی منصوبے قائم کیے، آبپاشی کے نظام کیلئے بڑے ڈیمز دیے ہیں جس سے صوبے میں پانی کا لیول بڑے حد تک محفوظ کیا۔ جو آج بھی عوام کی ترقی کی علامت ہیں۔ لیکن اس کے بعد سے صوبے کا ترقیاتی سفر گویا ریت میں دھنس گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر صوبے کے وسائل سے حاصل ہونے والی دولت صوبے کے عوام کی فلاح پر خرچ نہ کی گئی تو جمیعت علمائے اسلام سیسہ پلائی دیوار بن کر حکومت کے سامنے کھڑی ہوگی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 09 OCT 2025 Page No. 17


## مچ : کوئلہ کان کے تین کانکنوں کو اغوا کرلیا گیا

کوئٹہ/مچ (اسٹاف رپورٹر/نامہ نگار) نامعلوم مسلح افراد نے مچ کوئلہ کان کے تین کانکنوں کو اغوا کر لیا لیویز کے مطابق مچ میں رضا کوئلہ کان میں تین کانکن محبوب، حبیب اور میر بزار کام میں مصروف تھے ایک درجن سے زائد مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر انہیں اغوا کرلیا اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز لیویز اور پولیس کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر مغویوں کی بازیابی کیلئے سرچ آپریشن شروع کردیا۔

INTEKHAB QUETTA

## خالق آباد: سوروا ایریا سے نامعلوم شخص کی مسخ شدہ نعش برآمد

خالق آباد (نامہ نگار) خالق آباد کے علاقے سورو ایریا سے نامعلوم شخص کی مسخ شدہ نعش برآمد ہوئی ہے۔ لیویز ذرائع کے مطابق اطلاع موصول ہوئی کہ سوروا ایریا میں لاش پڑی ہوئی ہے۔ اطلاع ملتے ہی ایڈیشنل ایس ایچ او لیویز بمعہ عملہ موقع پر پہنچے اور نعش کو اپنی تحویل میں لے کر آر ایچ سی

بقیہ نمبر 4 صفحہ 5 پر

ہسپتال منگوچر منتقل کر دیا۔ لیویز ذرائع کے مطابق نعش کے ایک پاؤں پر مکمل پٹی بندھی ہوئی تھی جبکہ اس کے ساتھ یورین بیگ بھی منسلک تھا۔ لیویز حکام کے مطابق نعش کی شناخت تاحال نہیں ہو سکی۔

MASHRIQ QUETTA

## پنجگور میں ایف سی چوکی پر دہشتگردوں کا حملہ 3 جوان شہید 3 دہشتگرد ہلاک

### سیکورٹی فورسز کا فوری جوابی ایکشن، ایک دہشت گرد زخمی حالت میں گرفتار، دیگر کی گرفتاری کیلئے سرچ آپریشن

### سیکورٹی فورسز نے فرار دہشت گردوں کو گرفتار کرنے سیکورٹی سخت کر دی آپریشن میں مزید نفری طلب کر لی گئی ہے

پنجگور (یواین اے) بلوچستان کے ضلع پنجگور کے علاقے بالگتر میں واقع ایف سی چوکی پر دہشت گردوں نے حملہ کیا جس کے نتیجے میں تین ایف سی اہلکار شہید جبکہ چار اہلکار زخمی ہو گئے۔ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے فوری جوابی کارروائی میں تین دہشت گرد ہلاک اور ایک دہشت گرد زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا......

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

سیکیورٹی ذرائع کے مطابق حملے کے بعد علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے تاکہ فرار ہونے والے دہشت گردوں کو گرفتار کیا جا سکے۔ ذرائع کے مطابق فورسز نے علاقے میں سیکیورٹی سخت کر دی ہے اور سرچ آپریشن میں مزید نفری طلب کر لی گئی ہے۔

## تمبو ڈیرہ بگٹی اور ڈیرہ مراد جمالی میں فائرنگ کے واقعات 5 افراد قتل

### قبائلی شخصیت میران بخش عمرانی کے نوجوان فرزند کو مسلح افراد نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور فرار ہو گئے

### سوئی ڈھاڈر میں بھائی نے فائرنگ کر کے چھوٹے بھائی کو قتل کر دیا، عبدالعزیز کھوسو فائرنگ سے جاں بحق

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو، ڈیرہ بگٹی اور ڈیرہ مراد جمالی مختلف فائرنگ کے واقعات میں پانچ افراد کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق نصیر آباد تمبو تحصیل شوری پولیس تھانے کی حدود چالیس ڈپ کے مقام پر قبائلی شخصیت میران بخش عمرانی کے نوجوان فرزند کو مسلح افراد نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور فرار ہوگئے دوسرے واقعے میں تمبو 29 ڈپ پر گزشتہ شب مسلح افراد نے فائرنگ کر سو بھائی خان عمرانی کو قتل کر کے فرار ہو گئے جبکہ ڈیرہ بگٹی کے علاقے سوئی ڈھاڈر میں بڑے بھائی نے فائرنگ کر کے چھوٹے بھائی لجو عرف کا کا پیروزانی بگٹی کو قتل کر دیا اور موقع واردات سے فرار ہوگیا۔

عوامی مسائل

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 09 OCT 2025 Page No. 18

# سردی کی ہلکی لہر سے ہی گیس کمپنی حکام کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے

## صارفین کی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری سے درینہ مسئلے کا نوٹس لینے کی اپیل

### 12 انچ گیس پائپ لائن منصوبے کی تکمیل سے علاقے میں گیس کی لوڈشیڈنگ ختم ہونی چاہیے، حبیب محمد حسنی و دیگر کی بات چیت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ میں سردی کی معمولی سی لہر کے بعد سوئی سدرن گیس کمپنی حکام کے بڑے بڑے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے جبکہ ان کے صارفین کوئٹہ شہر کے ہر گلی اور محلے میں شکوہ کررہے ہیں صارفین نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان سے سنگین نوعیت کے اس اہم مسئلے پر نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔ مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے ہزارگنجی بدیتی ٹاؤن زہری ٹاؤن گل محل آباد محمد حسنی ساراوانی ٹاؤن گلی حبیب محمد حسنی کے گیس غلام حسین لہڑی، مولوی عبداللہ جان، قاری نور احمد شریف اللہ، ملا قیوم و دیگر نے بتایا ہے کہ ہزارگنجی کے مختلف علاقوں میں 12 گھنٹے گیس کی لوڈشیڈنگ ہوتی ہے، لوڈشیڈنگ کے باعث علاقہ مکین کے علاوہ گیس کی مصنوعات کی مرمت کا کام شدید متاثر ہورہا ہے اس کے علاوہ گھروں میں بزرگ، خواتین و بچوں کے علاوہ بیمار لوگ سردی کی شدت سے ٹھٹھر رہے ہیں ہزارگنجی میں دیگر علاقوں سے زیادہ سردی ہوتی ہے کیونکہ یہاں پہاڑی سلسلے انتہائی قریب ہے۔ رواں سردیوں میں 12 انچ گیس پائپ لائن منصوبہ آسانی سے کامیابیوں کو چھونے لگے اب تو شہر سمیت ہزارگنجی میں گیس کی لوڈشیڈنگ ختم ہونی چاہیے۔ انہوں نے سنگین نوعیت کے اس اہم مسئلے پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان سے نوٹس لینے اور فوری طور پر ہزارگنجی کے عوام کے مسائل حل کرنے کے مطالبہ کیا ہے انہوں نے بتایا کہ اس مرتبہ اگر تاجر برادری نے سوناخان کے قریب روڈ بند کی تو بہت کی جانوں پر محیط ہوگی اور مکین سڑکوں پر بستر لاکر سوئیں گے کیونکہ ان کے بچے گھروں میں گھر میں سردی کی شدت سے فیر مجبور ہوگئے اور سوئی سدرن گیس کمپنی حکام سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔



## مہنگائی بے قابو، اشیاء خوردونوش کی قیمتیں بڑھنے سے شہری پریشان

### پرائس کنٹرول کمیٹی غیر فعال ہونے کی وجہ سے ناجائز منافع خوری عروج پر

بختیارآباد (نمائندہ مشرق) بختیارآباد میں مہنگائی کا جن بے قابو، اشیاء خوردونوش کی قیمتیں بڑھنے سے شہری پریشان، بختیارآباد میں پرائس کنٹرول کمیٹی غیر فعال ہونے کی وجہ سے ناجائز منافع خوری عروج پر پہنچ گئی، عوامی حلقوں کا ڈپٹی کمشنر سبی سے نوٹس لے کر پرائس لسٹ جاری کرنے اور ناجائز منافع خوروں کے خلاف کارروائی کرنے کی اپیل۔ تفصیلات کے مطابق بختیارآباد میں پرائس کنٹرول کمیٹی غیر فعال ہونے کی وجہ سے ناجائز منافع خور سرگرم ہوگئے ہیں اشیاء خوردونوش کی قیمتیں بڑھنے سے شہریوں کی قوت خرید جواب دے گئی۔ شہر بھر میں مہنگائی کا جن بے قابو ہونے کے باعث غریب اور دیہاڑی دار طبقہ شدید پریشان ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 09 OCT 2025

Page No. 18

## بوستان سپیشل اکنامک زون منصوبہ مستقبل قریب میں خطے کی تقدیر بدلنے میں مرکزی کردارادا کرے گا

بوستان سپیشل اکنامک زون منصوبہ مستقبل قریب میں خطے کی تقدیر بدلنے میں مرکزی کردار ادا کرے گا۔ یہ منصوبہ صوبہ بلوچستان میں صنعتی ومعاشی ترقی کے لیے نہایت ہی اہمیت کا حامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب کاکڑ نے گزشتہ روز بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ اور سیکرٹری انڈسٹریز اور خالد سرپرہ کے ہمراہ بوستان سپیشل اکنامک زون کے دورے کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر پشین منصور احمد قاضی، ڈائریکٹر سپیشل اکنامک زونز آصف کھوسہ سمیت دیگر اعلیٰ افسران اور مقامی قبائلی عمائدین بھی موجود تھے۔ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے اس موقع پر کہا کہ بوستان سپیشل اکنامک زون میں ملکی وغیر ملکی سرمایہ کاروں کی دلچسپی بڑھ رہی اور بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کے منصوبے شروع ہورہے ہیں۔ اس زون میں مختلف صنعتوں کے قیام سے علاقے میں خوشحالی اور ترقی کے نئے دور کا آغاز ہوگا جو بلوچستان کی صنعت کو استحکام بخشنے میں مددگار ثابت ہوگا۔ شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ مقامی لوگوں کو ترجیحی بنیادوں پر سہولتیں فراہم کی جائیں گی تاکہ وہ اس منصوبے کے حقیقی شراکت دار بن سکیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ بوستان سپیشل اکنامک زون بلوچستان کی معاشی ترقی کیلئے اہمیت کا حامل ہے۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب کاکڑ کا اس حوالے سے مذکورہ بیان قابل تعریف ہے کیونکہ یہ منصوبہ صوبہ بلوچستان میں صنعتی معاشی ترقی کے لیے نہایت ہی اہمیت کا حامل ہے۔ اس سے خطے کی تقدیر بدل سکتی ہے۔ چونکہ بلوچستان میں اس طرح منصوبے نہیں ہیں اس لیے یہ منصوبہ صوبے اور اس کی عوام خصوصاً نوجوانوں کے لیے بہت ہی اہم ہے اس سے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع میسر ہونگے جن کی ایک بہت بڑی تعداد بے روزگار ہے۔ بلوچستان میں صنعتیں اور کارخانے نہ ہونے کے باعث ان نوجوانوں کا دارومدار سرکاری ملازمتوں پر ہی منحصر ہے جو کہ قلیل ہونے کے باعث ان کو نہیں مل رہیں کیونکہ بیروزگار تعداد میں بہت زیادہ ہیں۔

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ کا اس موقع پر بوستان سپیشل اکنامک زون میں ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کی دلچسپی بڑھنے کے حوالے سے مذکورہ بیان قابل تحسین اور صوبے اور نوجوانوں کے لیے ایک بہت ہی اچھی نوید ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 09 OCT 2025 Page No. 20


## کرپشن کے خاتمے کے بغیر ترقی، انصاف اور بہتر طرزِ حکمرانی ممکن نہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کا سب سے بڑا مسئلہ امن و امان یا دہشت گردی نہیں بلکہ کرپشن ہے جس نے اس صوبے کے اداروں، معاشرتی ڈھانچے اور نوجوانوں کے اعتماد کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ امن و امان کے چیلنج سے نمٹنے کیلئے ہماری سیکیورٹی فورسز بھرپور پیشہ ورانہ استعداد رکھتی ہیں، مرکزی مسئلہ کرپشن کا ہے، کرپشن کے خاتمے کے بغیر ترقی، انصاف اور بہتر طرز حکمرانی ممکن نہیں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں پہلی بار یوتھ پالیسی متعارف کرائی گئی ہے، نوجوان ہمارا مستقبل ہیں، آپ نے اس پاکستان کو آگے لے کر جانا ہے، آپ نے وطن عزیز کے خلاف ہونے والی تمام سازشوں کو ناکام بنانا ہے، آپ نے ریاست سے دوری نہیں رکھنی، نوکری نہ ملنے کا سوال اور حکومت سے ناراضگی ہوسکتی ہے اور یہ مسائل پورے پاکستان میں درپیش ہیں لیکن ریاست نے کوئی گناہ نہیں کیا، ریاست سے لاتعلقی کسی صورت ٹھیک نہیں، نوجوانوں نے پاکستان کے خلاف کسی پروپیگنڈہ کا حصہ نہیں بننا، اس ملک کے لئے کام کرنا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہم نے پہلے روز اسمبلی فلور پر وعدہ کیا تھا کہ کوئی نوکری نہیں بکے گی، ہم نے ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں ہزاروں اساتذہ کی میرٹ پر بھرتی کی اور میرٹ کے اس تسلسل کو ہر شعبہ میں متعارف کروا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وعدہ کرتے ہیں کہ بلوچستان میں کھیلوں کے میدان آباد کریں گے اور نوجوانوں کو صحت مندانہ سرگرمیوں کے بھرپور مواقع فراہم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے کرپشن کے تدارک کے لیے سب کے ساتھ ساتھ چیف منسٹر انسپکشن ٹیم، اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ اور محکمہ جاتی جوابدہی کے عمل کو مضبوط بنایا جا رہا ہے تاکہ ہر سطح پر شفافیت اور دیانت داری کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے احتساب کے عمل کو سیاسی و ذاتی مفادات سے بالاتر رکھا ہے۔ وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ ہمارے دور میں کبھی بھی وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ سے اینٹی کرپشن کو کسی کو چھوڑ دینے کے لیے فون نہیں گیا، احتساب کے اداروں کو مکمل خودمختاری حاصل ہے اور کوئی فرد قانون سے بالاتر نہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں پہلی بار ایسا ہوا ہے کہ چیف منسٹر انسپکشن ٹیم کے چیئرمین نے ایک

[illegible] 10 [illegible] 18 [illegible] [illegible] 20,595 (48%) [illegible] 22,311 (52%) [illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News Qu...

Bullet No. 6

Dated 09 OCT 2025 Page No. 21


## بلوچستان کے مسائل اور وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا حقیقت پسندانہ نکتہ نظر!!

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز انسداد بدعنوانی کی مناسبت سے بیولمز میں منعقدہ بین الجامعاتی سپورٹس فیسٹیول کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اس رائے کا اظہار کیا ہے کہ بلوچستان کا اصل کرپشن ہے انہوں نے کہا کہ نیا بلوچستان دیانت داری، شفافیت اور قانون کی بالادستی کی بنیاد پر کھڑا ہو رہا ہے نوجوان کسی بھی قوم کا حقیقی سرمایہ اور طاقت ہیں اگر نوجوان دیانت داری، سچائی اور خدمت کو اپنا شعار بنالیں تو معاشرے سے کرپشن، ناانصافی اور بدعنوانی خود بخود ختم ہو جائے گی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کا سب سے بڑا مسئلہ امن و امان نہیں بلکہ کرپشن ہے جس نے اس صوبے کے اداروں، معاشرتی ڈھانچے اور نوجوانوں کے اعتماد کو بری طرح متاثر کیا ہے امن و امان کے چیلنج سے نمٹنے کیلئے ہماری سیکورٹی فورسز بھرپور پیشہ ورانہ استعداد رکھتی ہیں، مرکزی مسئلہ کرپشن کا ہے کرپشن کے خاتمے کے بغیر ترقی، انصاف اور بہتر طرز حکمرانی ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پہلی بار یوتھ پالیسی متعارف کرائی گئی ہے نوجوان ہمارا مستقبل ہیں نوجوانوں نے پاکستان کے خلاف کسی پروپیگنڈہ کا حصہ نہیں بننا اس ملک کے لئے کام کرنا ہے۔ وزیر اعلیٰ کہا کہ ہم نے پہلے روز اسمبلی فلور پر وعدہ کیا تھا کہ کوئی نوکری نہیں بکے گی ہم نے ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں بارہ سے سولہ ہزار اساتذہ کی میرٹ پر بھرتی کی اور میرٹ کے اس تسلسل کو ہر شعبہ میں متعارف کروا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ وعدہ کرتے ہیں کہ بلوچستان میں کھیلوں کے میدان آباد کریں گے اور نوجوانوں کو صحت مندانہ سرگرمیوں کے بھرپور مواقع فراہم کریں گے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا موقف حقیقت پسندانہ ہے اور عین حقیقت بھی یہی ہے کہ بلوچستان کو درپیش جملہ مسائل میں اچھی طرز حکمرانی کا فقدان اور بدعنوانی و بدانتظامی اہم محرکات رہے ہیں۔ بلوچستان گزشتہ کئی دہائیوں سے پسماندگی، احساس محرومی اور بدانتظامی کا شکار رہا ہے۔ تاہم حالیہ برسوں میں ایک نئی سوچ، نیا جذبہ اور حقیقی اصلاحات کی لہر دیکھنے کو مل رہی ہے، خاص طور پر جب سے میر سرفراز بگٹی نے بطور وزیر اعلیٰ بلوچستان ذمہ داریاں سنبھالی ہیں۔ اُن کا دوٹوک اور حقیقت پسندانہ موقف یہ ہے کہ بلوچستان کا سب سے بڑا مسئلہ بدعنوانی اور بدانتظامی ہے وزیر اعلیٰ نے جن خیالات کا اظہار کیا وہ نہ صرف بروقت بلکہ انتہائی بصیرت افروز بھی ہیں۔ بلوچستان میں ترقیاتی فنڈز کی خطیر رقم ہر سال خرچ کی جاتی ہے، لیکن زمینی حقائق اس کے برعکس نظر آتے ہیں۔ بنیادی ڈھانچے کی کمی، تعلیم اور صحت جیسے شعبوں کی خستہ حالی، اور روزگار کے محدود مواقع واضح طور پر ظاہر کرتے ہیں کہ اصل رکاوٹ کرپشن ہے۔ وزیر اعلیٰ کا کہنا

نوجوانوں کے اعتماد کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ یہ مسئلہ نہ صرف ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہے بلکہ عوام میں بے اعتمادی اور بدگمانی کو بھی جنم دیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وزیر اعلیٰ نے کرپشن کو اصل دشمن قرار دے کر اس کے خلاف عملی جدوجہد کو اپنی ترجیحات میں سرفہرست رکھا ہے۔ بلوچستان کی تاریخ میں شاید یہ پہلی بار ہوا ہے کہ صوبائی حکومت نے بڑے پیمانے پر اساتذہ کی بھرتی میرٹ پر کی ہے۔ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں بارہ سے سولہ ہزار اساتذہ کو شفاف طریقے سے منتخب کیا گیا۔ یہ قدم صرف تعلیمی نظام کی بہتری کی طرف پیش رفت نہیں بلکہ نوجوانوں کو ایک مثبت پیغام بھی ہے کہ اب سفارش اور رشوت کے بجائے قابلیت کو اہمیت دی جارہی ہے وزیر اعلیٰ کا یہ کہنا کہ ہم نے پہلے روز اسمبلی فلور پر وعدہ کیا تھا کہ کوئی نوکری نہیں بکے گی، اور ہم نے اس وعدے پر عمل کیا۔ یہ یقین دلاتا ہے کہ حکومت نے اپنے بیانیے کو محض اعلانات تک محدود نہیں رکھا بلکہ اس پر عملدرآمد بھی یقینی بنایا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے اپنے خطاب میں نوجوانوں کو بارہا مخاطب کیا اور انہیں مستقبل کا معمار قرار دیا۔ اُن کا کہنا تھا کہ اگر نوجوان دیانتداری، سچائی اور خدمت کو شعار بنالیں تو معاشرہ خود بخود کرپشن، ناانصافی اور بدعنوانی سے پاک ہو جائے گا۔ یہ ایک انتہائی بصیرت افروز نکتہ نظر ہے انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ کسی قسم کے جھوٹے پروپیگنڈے کا حصہ نہ بنیں حکومتِ بلوچستان کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس نے احتساب کو سیاسی ہتھیار بنانے کے بجائے اسے ادارہ جاتی تقاضوں کے مطابق، غیر جانبداری سے چلانے کو ترجیح دی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے واضح الفاظ میں کہا کہ موجودہ حکومت نے احتساب کے عمل کو سیاسی یا ذاتی مفاد سے بالاتر رکھا ہے۔ یہ بات اس امر کا ثبوت ہے کہ موجودہ حکومت صرف سیاسی مخالفین کو نشانہ بنانے کے بجائے کرپشن کے خاتمے کے لئے ایک شفاف، منصفانہ اور ہمہ جہت حکمت عملی پر عمل پیرا ہے۔ وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کی قیادت میں حکومت نے نوجوانوں کی ذہنی و جسمانی نشوونما کے لئے صحت مندانہ سرگرمیوں کے فروغ کو بھی اہمیت دی ہے۔ اُن کا یہ وعدہ کہ بلوچستان میں کھیلوں کے میدان آباد کئے جائیں گے، عملی اقدامات کے ساتھ جڑا ہوا ہے، جو نوجوانوں کو منشیات، انتہا پسندی اور بے راہ روی سے دور رکھنے میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں مخلوط صوبائی حکومت نے جہاں میرٹ، شفافیت، اور کرپشن کے خلاف جہاد کو اپنا نصب العین بنایا ہے، وہیں عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو بھی اولین ترجیح دی ہے۔ ان کی حکمت عملی مختصر مدتی نہیں بلکہ طویل المدتی اہداف پر مبنی ہے، جو پائیدار ترقی اور استحکام کا ضامن بن سکتی ہے۔ یہ اقدامات اگر تسلسل کے ساتھ جاری رہے تو وہ دن دور نہیں جب بلوچستان ترقی یافتہ صوبوں کی صف میں کھڑا ہوگا

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 09 OCT 2025 Page No. 22

# Menace of corruption

Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti recently issued a ringing call to the youth of Balochistan, describing the fight against corruption as a shared responsibility and the province's "foremost challenge." Speaking on Anti-Corruption Day, he correctly diagnosed that this menace has not just hollowed out the integrity of provincial departments but has also fractured social cohesion and eroded the essential trust of the young generation in public institutions. The Chief Minister's words are timely and courageous—acknowledging the scale of the problem is the necessary first step. However, the residents of Balochistan are now looking for the crucial second step: practical, verifiable action. The widespread nature of corruption in every provincial department is regrettably an open secret, a frustrating reality that persists despite the existence of formidable anti-graft bodies such as the National Accountability Bureau (NAB) and the provincial Anti-Corruption Department. The continued prevalence of corrupt practices, even under the shadow of these watchdogs, speaks volumes about the systemic failings, political patronage, and the lack of political will necessary to enforce genuine accountability. The existence of these institutions has, unfortunately, become more of a ceremonial deterrent than an effective mechanism for change. This is why the burden now falls squarely on the new Chief Minister to transform his powerful rhetoric into tangible results. While uniting the youth and appealing to shared values is commendable, the real battle against corruption is fought in the corridors of power, through rigorous audits, visible disciplinary action, and radical transparency reforms. It is time to move beyond speeches about building a "prosperous, resilient, and transparent Balochistan" and start demonstrating those qualities through policy and prosecution. Practical steps must include strengthening internal departmental controls, implementing digital systems to minimize human interface and discretion in public dealings (such as procurement and appointments), and ensuring that anti-graft bodies are granted complete independence, free from political pressure. Every inquiry must be carried to its logical conclusion, and no 'corrupt element,' regardless of their political affiliation or bureaucratic stature, should be protected. The people of Balochistan, especially the disillusioned youth, have waited long enough for change. They need to see results that restore their faith in the provincial government. Chief Minister Bugti has correctly identified the challenge and the stakeholders; now, he must lead the charge. The time for rhetorical emphasis is over; the time for decisive, transparent, and uncompromising action against corruption is here. It is hoped that the resources of people of Balochistan would be spent upon their development and welfare other than going in personal kitties.